نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

حکومت کی کسان دوست پالیسیوں اور کاشتکاروں کی محنت کی بدولت امسال صوبہ پنجاب میں کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں 21 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور03 جنوری2022: صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا ہے کہ امسال 31 لاکھ 61 ہزار ایکڑ رقبہ کپاس کے زیر کاشت لایا گیا جو گزشتہ برس سے 17 فیصد کم تھا لیکن اس کے باوجود صوبہ پنجاب پیداوار میں کپاس کی پیداوار 51 لاکھ 68 ہزار گانٹھ ریکارڈ ہوئی ہے اور اوسط پیداوار 23.9 من فی ایکڑ رہی۔اس طرح صوبہ پنجاب میں کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں 21 فیصد اضافہ ہوا ہے جو کہ نہایت خوش آئند ہے۔صوبائی وزیر نے گزشتہ تین سال کے مقابلے میں زائد کپاس کی پیداوار سے کاشتکاروں جنرز اور ٹیکسٹائل انڈسٹری میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔کپاس کی پیداوار میں اضافہ حکومت کی کسان دوست پالیسیوں، محکمہ زراعت کے عملہ اور کاشتکاروں کی محنت کی بدولت ہوا۔انھوں نے مزید کہا کہ امسال حکومت نے کپاس کی منظور شدہ اقسام کا بیج سبسڈی پر فراہم کیا اور کاشتکاروں میں آئی پی ایم طریقہ کار کے مطابق کیڑوں کے کنٹرول سے متعلق آگاہی مہم چلائی گئی جس سے نہ صرف کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی واقع ہوئی بلکہ کپاس کی پیداوار میں بھی اضافہ ہوا۔وزیر زراعت نے کہا کہ انھوں نے پنجاب سیڈ کونسل کو ہدایت کی ہے کہ کسی بھی فصل کی نئی قسم کی منظوری ڈی این اے فنگر پرنٹنگ رپورٹ سے مشروط کی جائے جس سے کپاس کی مختلف اقسام کی مکسنگ میں کمی واقع ہوگی اور کاشتکاروں کو کاشت کے لئے کوالٹی سیڈ میسر آئے گا۔اس کے علاوہ کپاس کے آئندہ فصل سے مزید بہتر پیداوار حاصل کرنے کے لئے محکمہ زراعت کپاس کی آف سیزن مینجمنٹ پر عمل پیرا ہے جس سے آئندہ کپاس کی فصل پر کیڑوں کے حملے کے امکانات میں کمی واقع ہونے کا امکان بڑھ جائے گا۔

☆☆☆☆